صاحبین کے نزدیک عیب کثیر کی مقدار کیا ہے ھدی کے جانور میں؟

(1) نصف سے اکثر (2) نصف (3) ایک تہائی (4) مکمل کان

ھدی کی قربانی میں کونسے جانوروں کا اعتبار ہوگا

(1) عیب والا (2) بقر عید کی قربانی کے جانور کا (3) چھ ماہ کا دنبہ
(4) چار صدقے

ھدی کے جانور پر سوار ہو سکتے ہیں یا نہیں

(1) سوار ہو صدقہ کی نیت میں (2) حرام ہے سوار ہونا (3) ضرورت کے لیئے سوار ہو سکتا ہے
(4) ضرورت کے لیئے بھی سوار نہیں ہو سکتے

اگر ھدی میں عیب پیدا ہو گیا تو اس کی جگہ کیا ہوگا

(1) اسی کی قربانی (2) قربانی چھوڑ دے گا (3) صدقہ کر دے اسکی جگہ (4) اسکی جگہ
دوسری قائم مقام کرے گا۔

جب فقیر نے قربانی کے لیئے جانور خریدا تو وہ ھلاک ہو گیا وہ اب کیا کریگا

(1) صدقہ دے (2) اسکی جگہ دوسرا جانور لائے (3) کوئی چیز لازم نہیں
(4) کفارہ ادا کرے

ھدی کے جانور کی پہچان کے لیئے کیا کرے اسکو حرم میں بھیجنے کیلئے

(1) اعلان کروائے (2) ھدی پر لکھ دے (3) کچھ نہ کرے (4) ھدی کو سیدھی جانب سے
نشان لگائے

اگر ھدی تطوع یعنی (نفل کی ہو) تو کہاں ذبح کرے

(1) حرم کے ساتھ خاص ہے (2) غیر حرم میں خاص ہے (3) کہیں خاص نہیں (4) جہاں دل کرے

اگر کسی نے محرمہ باندی خریدی تو اب وہ کیسے احرام سے باہر لائے

(1) صدقہ کر کے (2) غلام آزاد کر کے (3) جماع کے ذریعے (4) بال اور ناخون کٹوا کر۔

اگر کسی نے محرمہ باندی کو جماع کر کے احرام سے باہر کیا تو یہ کرنا ہے

(1) ناجائز ہیں (2) مستحب ہے (3) جائز ہیں (4) دم لازم ہوگا

(۳) اگر کوئی شخص منی میں رات نہ ٹھہرے تو کیا حکم ہے۔

(۱) صدقہ فطر کھجور سے دے

(۲) کوئی شی نہیں۔

(۳) دم دے

(۴) بدنہ اور دم

(17) کسی محرم شخص نے عورت کی طرف نظر کی شہوت سے اور انزال ہو گیا تو کیا حکم ہے۔

(1) دو دم دے (2) بدنہ دے۔ (3) فطر کا صدقہ دے

(4) کوئی چیز نہیں۔

امام مالک

(18) امام احمد بن حنبل کے نزدیک محرم شخص نے عورت کی طرف شہوت سے نظر کی انزال ہو گیا تو کیا لازم ہے۔

(1) بدنہ اور دم (2) بدنہ (3) دم (4) صدقہ

(19) محرم نے اپنی بیوی کو بوسہ دیا یا شہوت سے چھوا تو کیا حکم ہے۔

(1) چار صدقے دے (2) چار دم دے (3) ایک دم
(4) ایک صدقہ فطر دے۔

(20) کسی نے عرفہ سے اپنے حج کو فاسد کر دیا دونوں راستوں میں سے کسی راستے میں جماع کرکے تو کیا کفارہ دے گا۔

(1) دم دے (2) بدنہ دے (3) صدقہ (4) کوئی چیز نہیں

(43) کسی نے عمرے کا طواف کیا سعی نہیں تو کیا حکم ہے

(1) دم ہے (2) صدقہ فطر ہے (3) صدقہ اور بدنہ

(4) کوئی چیز لازم نہیں۔

(44) کوئی شخص عرفات سے لوٹ آئے غروب سے پہلے ہمارے نزدیک کیا حکم ہے۔

(1) دم لازم (2) دو صدقہ لازم (3) بدنہ لازم

(4) کوئی شی نہیں۔

(45) امام شافعی کے نزدیک اگر کوئی عرفات سے غروب سے قبل لوٹے تو کیا حکم ہے۔

(1) کوئی چیز لازم نہیں (2) بدنہ لازم ہے

(3) ایک صدقہ (4) صدقہ اور بدنہ

(46) کوئی شخص وقوف مزدلفہ کو ترک کرے تو کیا حکم ہے۔

(1) دم (2) صدقہ (3) بدنہ (4) کوئی چیز نہیں

(60) کسی نے دن میں رمی ترک کر کے رات کو رمی کی تو کیا حکم ہے۔

(1) دم (2) صدقہ فطر (3) صدقہ اور بدنہ (4) کوئی چیز نہیں۔

(61) کوئی شخص ایک کنکری یا دو کنکریاں یا تین کنکریاں چھوڑ دے تو کیا حکم۔

(1) ہر کنکری کے بدلے نصف صاع صدقہ کرے۔

(2) دم دے (3) بدنہ (4) دو دم۔

(62) کوئی شخص جمرۃ عقبۃ کی رمی ترک کر دے تو کیا حکم ہے۔

(1) دم (2) صدقہ (3) بدنہ (4) کوئی چیز

(56) وہ کون سا حلق ہے جو زمانے کے ساتھ مقید ہے۔

(1) حج کا (2) عمرے کا (3) قضا عمرے کا

(4) ان میں سے کوئی نہیں۔

(57) امام اعظم کے نزدیک حلق کے لیے کون سی جگہ مقرر ہے۔

(1) حدودِ حرم (2) مدینہ (3) پورا سعودی عرب

(4) ان میں سے کوئی نہیں۔

(58) کیا معتمر کے لیے بھی جگہ مقرر ہے حلق کی۔

(1) جی نہیں (2) جی ہاں (3) واجب (4) فرض

(59) کوئی شخص مزدلفہ میں رات نہ گذارے تو کیا حکم ہے۔

(1) دم (2) دو صدقے (3) کوئی چیز نہیں۔

(4) بدنہ

1) وقوف مزدلفہ کا کیا حکم ہے؟
(i) واجب (ii) فرض (iii) سنت (iv) مستحب

2) رمی کا وقت ہمارے نزدیک کیا ہے؟
(i) طلوع فجر سے غروب شمس تک (ii) طلوع فجر سے زوال تک
(iii) طلوع فجر سے پہلے (iv) زوال سے غروب شمس تک

3) رمی کے بعد عورتیں کس طرح حلال ہوں گی؟
(i) طواف رکن سے (ii) دم سے (iii) صدقہ سے
(iv) حلق سے

4) امام اعظم کے نزدیک طواف رکن کو ایام نحر سے مؤخر کرنے کے بارے میں کیا مذہب ہے؟
(i) صدقہ لازم ہوگا (ii) دم لازم ہوگا (iii) مؤخر کرنا جائز ہے
(iv) کچھ نہیں۔

5) امام اعظم کے نزدیک چوتھے دن زوال سے پہلے رمی کرنے کا کیا حکم ہے؟
(i) جائز نہیں ہے (ii) جائز ہے (iii) واجب ہے (iv) دم لازم ہوگا

6) صاحبین کے نزدیک چوتھے دن زوال سے پہلے رمی کا کیا حکم ہے؟
(i) جائز ہے (ii) جائز نہیں ہے (iii) حرام ہے (iv) صدقہ لازم ہوگا

7) کن اماموں کے نزدیک مطلقاً سواری کی حالت میں رمی کرنا افضل ہے؟
(i) امام مالک و شافعی (ii) شیخین (iii) امام اعظم و زفر
(iv) طرفین۔

(47) کسی شخص نے ایک ہی دن تمام جمرات کی رمی کی تو کیا حکم ہے۔

(1) **دم** (2) صدقہ (3) کوئی چیز نہیں۔ (4) دو دم

(48) کسی شخص نے حلق کو ایام نحر گزرنے کے بعد مؤخر کر دیا تو کیا حکم ہے۔

(1) دو دم (2) دو صدقے (3) **دم**

(4) دو بدنے۔

(49) کسی شخص نے طواف زیارۃ کو ایام نحر سے مؤخر کر دیا تو کیا حکم ہے۔

(1) **دم** (2) صدقہ (3) بدنہ (4) کوئی چیز نہیں۔

(50) وہ کون سے امام ہیں جن کے نزدیک طواف رکن کو ایام نحر سے مؤخر کرنے میں کوئی چیز لازم نہیں ہوتی۔

(1) **صاحبین** (2) شیخین (3) طرفین (4) امام اعظم

(i) گناہ کبیرہ (ii) گناہ صغیرہ (iii) قبیح (iv) اقبح

26) چپل نہ ہونے کی صورت میں موزوں کو کہاں سے کاٹا جائے گا؟
(i) اوپر سے (ii) درمیان سے (iii) نیچے سے (iv) نہیں کاٹے گا۔

27) معصفر کا لباس پہننا کن آئمہ کے نزدیک جائز ہے؟
(i) امام اعظم و شافعی (ii) امام اعظم و مالک (iii) فقط امام شافعی (iv) امام احمد و مالک۔

28) احرام کی حالت میں کتنی چیزوں سے بچنا ہے؟
(i) چھ (ii) آٹھ (iii) دس (iv) بارہ

29) احرام کی حالت میں کتنی چیزوں سے پرہیز نہ کی جائے؟
(i) چار (ii) چھ (iii) آٹھ (iv) دس۔

ھدی کا گوشت اغنیاء کھا سکتے ہیں یا نہیں

(1) حرام ہیں (2) مباح ہے (3) مستحب ہے (4) نہیں جائز کھانا اغنیاء کو

منت کی ھدی کے گلے میں ہار ڈالنا ہے

(1) حرام ہیں (2) مباح ہے (3) جائز نہیں (4) عبادت ہے

جنایات اور احصار کی ھدی کے گلے میں ہار ڈالنا ہے

(1) مباح ہے (2) مستحب ہے (3) چھپانا ضروری ہے یعنی ہار نہ ڈالے (4) جائز نہیں

اگر کوئی قوم وقوف عرفہ کے دن سے پہلے گواہی دے تو کیا کریں گے؟

(1) گواہی ناقبول (2) اگلے دن بعد آئے (3) گواہی لینا حرام (4) گواہی قبول کی جائے گی

اگر کوئی ترک کر دے پہلے دن کی رمی اور پھر دوسرے دن رمی کی مقدار کیا ہو گی امام شافعی کے نزدیک؟

(1) اسکی جگہ صدقہ دے (2) کچھ نہ کرے (3) مکمل رمی پھر سے کرے (4) ہو نہ دے

اگر کوئی ترک کر دے پہلے دن کی رمی دوسرے دن کے لیے تو اب کیا کرے

(1) کفارہ ادا کرے (2) روزہ رکھے (3) اب کرنا جائز نہیں (4) صرف پہلے دن کی رمی کرے

اگر کسی نے منت مانی کہ میں حج پیدل کروں گا تو وہ کب سوار ہو گا

(1) منت باطل (2) جب طواف رکن مکمل کرے (3) حج مکمل ہونے تک سوار نہ ہو (4) جدھر جائے سوار ہو

1) عبادت کی کتنی قسمیں ہیں ؟
(i) ایک (ii) دو (iii) تین (iv) چار

2) حج کونسی عبادت ہے ؟
(i) بدنی (ii) مالی (iii) مرکبہ (iv) غیر مرکبہ

3) حج کے کتنے رکن ہیں ؟
(i) ایک (ii) دو (iii) تین (iv) چار

4) حج کتنی مرتبہ کرنا فرض ہے ؟
(i) دو مرتبہ (ii) ایک مرتبہ (iii) تین مرتبہ (iv) پانچ مرتبہ

5) حج کو علی الفور کرنا کس امام کے قول سے ثابت ہے ؟
(i) امام اعظم (ii) امام محمد (iii) امام شافعی (iv) امام ابو یوسف

6) حج کے واجب ہونے کی کتنی شرطیں ہیں ؟
(i) ایک (ii) پانچ (iii) سات (iv) چھ

7) حج کے ادا ہونے کی کتنی شرطیں ہیں ؟
(i) سات (ii) آٹھ (iii) چھ (iv) پانچ

8) حج کے صحیح ہونے کی کتنی شرطیں ہیں ؟
(i) ایک (ii) دو (iii) تین (iv) چار

9) مواقیت احرام کتنے ہیں ؟
(i) تین (ii) پانچ (iii) سات (iv)

(14) وہ کون سی صورت ہے اگر کوئی احرام میں سر منڈائے تو دم کے علاوہ بھی کوئی اور جنایت دے سکتا ہے۔

(1) عذر (2) عمرے کا وقت جا رہا ہے۔

(3) حج کا وقت جا رہا ہے (4) ان میں کوئی بھی نہیں۔

(15) وہ کونسے امام ہیں جن کے نزدیک تین ناخن ایک ہاتھ کے کاٹنے سے دم لازم ہوتا ہے۔

(1) امام مالک رحمۃ اللہ علیہ (2) امام زفر رحمۃ اللہ علیہ

(3) امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ (4) امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ

(16) حلق کرنے والا محرم ہو محلوق غیر محرم تو کون سے امام کے نزدیک ان دونوں پر کوئی چیز لازم نہیں۔

(1) امام شافعی (2) امام محمد (3) امام مالک

(4) امام اعظم رحمۃ اللہ علیہم اجمعین

8) منی میں رمی کیلئے مقیم ہونے کی حالت میں سامان کو مکہ بھیجنے کا کیا حکم ہے؟
(i) مستحب ہے (ii) مکروہ تحریمی ہے (iii) افضل ہے
(iv) مکروہ تنزیہی۔

9) طواف صدر کن پر واجب ہے؟
(i) اہل مدینہ پر (ii) اہل مکہ پر (iii) کہیں بھی رہنے والوں پر
(iv) سوائے اہل مکہ کے۔

10) جو مکہ میں داخل نہ ہو اور عرفہ میں ٹھہر جائے تو اس سے کونسا طواف ساقط ہوگا؟
(i) طواف قدوم (ii) طواف زیارۃ (iii) طواف صدر (iv) طواف رکن۔

11) جو عرفہ میں ٹھہرا نحر کے دن زوال سے فجر تک ایک گھڑی تو کیا ہوگا
(i) حج مکمل نہیں ہوگا (ii) مکمل ہو جائے گا (iii) حج ہی نہیں ہوگا۔

12) جو عرفہ میں ٹھہرا ہوا ہے سونے، جہالت یا غشی طاری ہونے کی حالت میں تو کیا حکم ہے؟
(i) حج مکمل نہیں ہوگا (ii) مکمل ہو جائے گا (iii) حج ہی نہیں ہوگا۔

13) جس پر غشی طاری ہو اسکا رفیق اسکی طرف سے احرام باندھ لے تو کیا حکم ہوگا؟
(i) بناء جائز (ii) بناء جائز نہیں (iii) بنا احرام (iv) بنا فرض

14) عورت کا طواف کرتے وقت تلبیہ کا کیا حکم ہے؟
(i) جہری آواز (ii) ہلکی آواز (iii) درمیانی آواز (iv) نہیں پڑھے گی

(1) احرام والے شخص نے خوشبو لگالی یا مہندی
لگالی یا سلے ہوئے کپڑے پہن لیے پورے دن۔
یا سر کو پورے دن ڈھانپا تو کیا حکم ہے۔

(الف) بدنہ (ب) دم (ج) صدقہ
(د) کوئی چیز نہیں۔

(2) کسی نے اپنا سر یا اپنی داڑھی۔ مونڈھی دونوں
چوتھائی کے برابر ہیں تو کیا حکم ہوگا۔

(1) صدقہ دے۔ (2) دم دے۔ (3) بدنہ (4) ایک کھجور

(3) کسی محرم نے محرم کا سر مونڈا یعنی حلق کیا
تو کیا حکم ہے۔

(1) دونوں دم دیں (2) حالق دم دے محلوق صدقہ

(3) محلوق دم دے حالق صدقہ (4) دونوں پر کوئی چیز نہیں

(4) کسی نے سینے گردن اور بغل کے بال حلق
کیے تو کیا حکم ہے۔

15) جانور میں کیا کیا آتا ہے؟
(i) فقط اونٹ (ii) فقط گائے (iii) بکری (iv) اونٹ + گائے

16) سب سے افضل حج کونسا ہے؟
(i) حج تمتع (ii) حج قران (iii) حج افراد (iv) نفلی حج

17) حج قران کیلئے احرام کہاں سے باندھے گا؟
(i) اپنے گھر سے (ii) میقات سے (iii) مکہ پہنچ کر (iv) حِل سے

18) اگر کوئی شخص دو طواف اور دو سعی ایک ساتھ کریگا تو کیا حکم ہوگا؟
(i) جائز ہے (ii) ناجائز ہے (iii) حرام ہے (iv) مستحب ہے۔

19) ذبح سے عاجز ہونے کی صورت میں کیا حکم ہے؟
(i) ادھار لے کر ذبح کریگا (ii) فدیہ دے گا (iii) روزے رکھے گا
(iv) ذبح معاف ہو جائے گا۔

20) اگر ذبح سے عاجز ہونے والے نے یوم نحر تک روزے نہ رکھے تو کیا حکم ہوگا؟
(i) یوم نحر کے بعد روزے رکھے گا (ii) دم لازم ہوگا (iii) صدقہ لازم ہوگا۔

2) اگر کوئی شخص مکہ میں داخل نہ ہوا اور وقوف عرفہ کر لیا تو کیا حکم ہوگا؟
(i) دم لازم ہوگا فقط (ii) قضاء لازم ہوگی فقط (iii) دونوں لازم ہوں گے
(iv) کوئی نہیں۔

) حج تمتع میں حج کا احرام کب باندھے گا؟
(i) یوم نحر کو (ii) یوم ترویہ کو (iii) یوم عرفہ (iv) 1 ذوالحجہ کو۔

1) اگر محرم شکار کرے یا اس پر رہنمائی کرے تو اسکا کیا حکم ہے؟
(i) اسکی جزاء محرم دے گا (ii) جس نے رہنمائی کی اس پر
(iii) دونوں دیں گے۔

2) اگر شکار کی قیمت ھدی تک پہنچ جائے تو اسکا کیا حکم ہے؟
(i) ھدی خریدے گا اس کو ذبح کرے گا (ii) ھدی خرید کر صدقہ کر دے گا (iii) ھدی خرید کر اسکو اپنے پاس رکھے گا۔

3) اگر جنایت کرنے والا روزے رکھنا چاہے تو کس طرح رکھے گا؟
(i) ہر مسکین کے بدلے ایک روزہ (ii) صرف دو روزے
(iii) ایک ماہ کے روزے۔

4) اگر نصف صاع سے کم بچ جائے تو اسکا کیا حکم ہے؟
(i) صرف اسکو صدقہ ہی کرے گا (ii) صرف روزہ ہی رکھنا واجب ہے۔
(iii) روزہ بھی رکھ سکتا ہے اور صدقہ بھی کر سکتا ہے۔

5) اگر کسی پرندے کو زخمی کر دے یا اسکے بال اکھیڑ دے یا اسکا عضو کاٹ دے تو اسکا کیا حکم ہے؟
(i) پورے پرندے کی قیمت دیگا (ii) آدھے پرندے کی قیمت دے گا
(iii) جو کم ہوا ہے اسکا ضمان دے گا۔

6) اگر اڑنے والے پرندے کے بال اکھیڑ دیے تو اسکا کیا حکم ہے؟
(i) قیمت واجب (ii) جو کمی واقع ہوئی ہے وہ پوری کرے گا۔
(iii) پرندے کی آدھی قیمت دے گا

(32) بھول کر جماع کرنے والا احرام میں کس کی طرح ہے۔

(1) بے وقوف (2) جان بوجھ کر کرنے والا

(3) بھول کر کرنے والا (4) کوئی چیز نہیں ان میں سے۔

(33) کسی نے حدث اصغر (یعنی بے وضو ہونے کی حالت) میں طواف رکن کیا تو کیا لازم ہے۔

(1) صدقہ فطر (2) دم (3) بدنہ (4) دو صدقے۔

(34) طواف رکن جنبی حالت میں کیا تو کیا حکم ہے۔

(1) دو دم دے۔ (2) دو صدقے دے

(3) ایک بدنہ (4) ایک صدقہ فطر

(35) کسی نے نفل طواف (یعنی طواف قدوم طواف صدر) بے وضو کیا تو کیا حکم۔

(1) دم دے (2) ہر چکر پر صدقہ دے (3) دو دم دے

(4) ایک بدنہ دے۔

(21) وہ کون سے امام ہیں جن کے نزدیک عورت کو بوسہ دینے شہوت سے چھونے میں بدنہ لازم ہوتا ہے۔

(1) امام مالک (2) امام اعظم (3) امام شافعی (4) امام زفر

(22) کسی نے وقوف عرفہ سے پہلے جماع کر کے حج فاسد کر دیا تو اب وہ کیا کرے۔

(1) اس حج کو پورا ہونے تک جاری رکھے اور قضا کرے۔
(2) صدقہ اور بدنہ دے
(3) احرام سے باہر آجائے واپس گھر جائے۔
(4) صدقہ، بدنہ اور دم دے۔

(23) جن مرد اور عورت سے حج فاسد ہوا۔ جماع کے سبب سے جدا کرنا کیسا۔ یعنی الگ رکھنا۔

(1) فرض عین (2) فرض کفایہ (3) مستحب (4) واجب

(24) وہ سے امام ہیں جن کے نزدیک مرد و عورت جو جماع میں مبتلا ہوئے جدا رہنا لازم ہے۔

(1) امام مالک، امام شافعی، امام زفر (2) امام اعظم امام زفر (3) امام زفر شافعی

(36) کسی نے طواف رکن اقل چھوڑا تو کیا حکم ہے

(1) صدقہ دے (2) دم دے (3) بدنہ دے (4) کوئی چیز نہیں

(37) کسی نے طواف رکن کا اکثر حصہ ترک کر دیا تو کیا کرے۔

(1) بدنہ دے (2) احرام میں باقی رہے گا

(3) دو مرتبہ حلق کرائے (4) کوئی چیز لازم نہیں۔

(38) کسی نے طواف صدر جنبی حالت میں کیا یا طواف صدر کا اکثر ترک کر دیا تو کیا حکم ہے

(1) دم دے (2) بدنہ دے (3) صدقہ فطر دے

(4) نصف صاع گندم دے۔

(39) کسی نے طواف صدر کا اقل چھوڑا تو کیا کرے۔

(1) ہر چکر کا صدقہ دے (2) بدنہ دے

(3) دو بدنے دے ایک دم اور ایک صدقہ

(25) کسی شخص نے جماع کیا وقوف عرفہ کے بعد حلق کرانے سے پہلے تو کیا حکم ہے۔

(1) دم دے (2) بدنہ دے (3) صدقہ بدنہ (4) دم اور بدنہ

(26) وہ کون سے امام ہیں جن کے نزدیک رمی سے پہلے کسی نے جماع کیا تو حج فاسد ہو جائے گا۔

(1) امام مالک (2) امام شافعی (3) امام اعظم محمد (4) امام مالک یوسف

(27) کسی نے حلق کے بعد جماع کیا تو حج کا کیا حکم

(1) حج فاسد نہیں ہوا (2) حج فاسد ہو گیا

(3) دو بدنے لازم ہوئے (4) صدقہ فطر ادا کرے۔

(28) کسی شخص نے عمرے کا اکثر طواف نہیں کیا تھا جماع کر کے عمرہ فاسد کر دیا تو اس پر کیا لازم ہے۔

(1) بدنہ (2) صدقہ (3) دم (4) کوئی چیز نہیں۔

14) اگر شکار اسکے کجاوے میں تھا تو اسکا کیا کرے؟
(i) چھوڑنا واجب ہے (ii) چھوڑنا فرض ہے (iii) نہ چھوڑے گا۔

15) اگر شکار کو کسی حلال شخص نے پکڑا پھر محرم ہوگیا تو اسکے ضمان کا کیا حکم ہے؟ امام اعظم کے نزدیک
(i) ضمان دے گا (ii) نہیں دے گا۔

16) اگر مفرد ہے تو ایک دم اور اگر قارن ہے تو؟
(i) چار دم (ii) آٹھ دم (iii) بدنہ (iv) **دو دم**۔

17) اگر کوئی قارن بغیر احرام کے میقات سے گزر جائے تو
(i) **ایک دم** (ii) دو دم (iii) چار دم (iv) بدنہ

18) اگر دو احرام والے شخصوں نے شکار کیا تو کیا حکم ہے؟
(i) **دونوں جزاء دیں گے** (ii) ایک جزاء دے گا
(iii) دونوں آدھی آدھی (iv) کچھ نہیں

19) اگر دونوں حلال ہوں اور شکار حرم میں ہو تو کیا حکم ہے؟
(i) **دونوں آدھی آدھی جزاء** (ii) دونوں دو دو جزاء
(iii) کسی پر کچھ نہیں۔

20) محرم کا حدود حرم میں شکار کرنا کیسا؟
(i) جائز (ii) مباح (iii) **باطل** (iv) مکروہ

21) من اخرج ظبية الحرم اسکا معنی کیا ہے؟
(i) حرم کی بکری نکالنا (ii) حرم کا شیر نکالنا (iii) **حرم کی ہرنی نکالنا**

الھدی کا ادنی درجہ ______ ہے؟

(1) گائے (2) اونٹ (3) بکری (4) مرغی

بکری ھدی کے طور پر جائز ہے ہر چیز میں مگر طواف رکن جنابت میں کیا تو کیا چیز واجب ہوگی اور وطئی کی وقوف عرفہ کے بعد تو کیا چیز واجب ہوگی

(1) بدنہ (2) صدقہ (3) مرغی (4) کچھ بھی نہیں

ھدی اگر تطوع (یعنی نفلی طور) پر تھی تو ان کا اسکا گوشت کھانا کیا ہے

(1) واجب (2) فرض (3) مباح (4) مستحب

کس امام کے نزدیک بکری کی جگہ ہرنی بھی ھدی بن سکتی ہیں
(اونٹ، شترمرغ، گائے، جنگلی گائے)

(1) امام ابو حنیفہ (2) امام مالک (3) امام شافعی (4) امام محمد

کس امام کے نزدیک متعہ اور قران کی ھدی کا گوشت کھانا جائز ہے

(1) امام ابو حنیفہ (2) امام محمد (3) امام شافعی (4) امام ابو یوسف

کس امام کے نزدیک متعہ اور قران کی ھدی کا گوشت کھانا ناجائز ہے

(1) امام احمد بن حنبل (2) امام شافعی (3) امام ابو حنیفہ (4) امام مالک

دم احصار دم متعہ اور قران کس کے ساتھ خاص ہے امام اعظم و امام ابو یوسف کے نزدیک؟

(1) مکان کے ساتھ (2) زمان کے ساتھ (3) کسی کے بھی ساتھ خاص نہیں

(4) مکان اور زمان دونوں کے ساتھ خاص ہیں

اپنی

(ج) کسی نے مونچھیں تراشی یا کسی غیر محرم کی
مونچھیں تراشی یا کسی غیر محرم کے ناخن
تراشے تو کیا حکم ہے۔

(1) صدقہ دے فطر کا (2) روزے رکھے گا

(3) بدلہ دے (4) کوئی چیز لازم نہیں۔

(5) [illegible] ا کسی محرم شخص نے

اپنے ناخن کاٹے (دونوں ہاتھوں دونوں پاؤں) کے

7) کوے کو حالت احرام میں قتل کردیا تو کیا کی قیمت واجب ہے
(i) قیمت واجب ہوگی (ii) واجب نہیں قیمت (iii) بعض آئمہ کے نزدیک قیمت لازم ہوگی۔

8) جوں اور ٹڈی کو قتل کرنے پر جزا کیا ہوگی؟
(i) مرغی صدقہ کریگا (ii) بکری صدقہ کرے گا (iii) جو چاہے صدقہ کردے

9) درندے کو قتل کرنے سے کیا واجب ہوگا؟
(i) بکری (ii) گائے (iii) اونٹ

10) اگر درندہ حملہ کردے تو اسکو قتل کرنے سے کیا ہوگا
(i) بکری (ii) گائے (iii) کچھ نہیں۔

11) اگر ٹانگوں پر بال والی ہرنی کو قتل کردیا تو اسکا کیا حکم ہے؟
(i) جزاء دے گا (ii) نہیں دے گا (iii) آدھی جزاء دے گا۔

12) اگر حلال نے حرم کے شکار کو قتل کردیا تو کیا حکم ہے؟
(i) روزہ رکھے گا (ii) اسکی قیمت کا صدقہ دے گا۔
(iii) کچھ بھی نہیں۔

13) اگر حلال شخص شکار کو حرم میں لے گیا تو اسکا کیا حکم ہے؟
(i) اسکو چھوڑ دے (ii) نہ چھوڑے (iii) صدقہ کردے

(53) کسی نے حلق کروایا ذبح سے پہلے تو وہ اگر قارن بھی ہے تو کیا حکم ہوگا۔

① دو دم دے گا ② دو صدقے دے گا

③ چار دم دے گا ④ ایک بدنہ۔

(54) وہ کون سے امام ہیں جن کے نزدیک دو دم جو مذکورہ ہوئے لازم ہیں۔

① امام اعظم ② امام شافعی

③ امام یوسف ④ امام محمد رحمۃ اللہ علیہ

(55) وہ کون سے امام ہیں جن کے نزدیک تاخیر طواف الکن میں کوئی چیز لازم نہیں کرتی

① امام مالک اور احمد ② امام اعظم محمد ③ شافعی مالک

دم الجنایات اور دم الاحصار امام محمد کے نزدیک کسی کے ساتھ خاص ہے
(1) مکان و زمان دونوں کے ساتھ خاص (2) زمان کے ساتھ (3) مکان کے ساتھ خاص ـ
(4) کسی کے بھی ساتھ خاص نہیں

کس ھدی کو خاص کیا ہے یوم النحر کے ساتھ؟

(1) التطوع (2) متعہ (3) کسی کو بھی نہیں (4) متعہ اور قران کو

ھدی کے گوشت کو کن پر صدقہ کیا جائے

(1) حرم کے فقیروں ~~پر~~ (2) حرم کے علاوہ کے فقیروں پر (3) حرم والے اور غیر حرم دونوں برابر ہیں (4) اہل شام والوں پر

وہ کونسی ھدی ہے جس کو عرفات میں نہیں لے جا سکتے؟

(1) شکرانے کی ھدی کو (2) کفارے کی ھدی کو (3) ~~کسی کو بھی نہیں~~ کسی بھی ھدی کو نہیں (4) کفارے اور جنایات دونوں ھدیوں کو نہیں لے جا سکتے

کیا ھدی کے جانور کا جھول، پلان، ہار وغیرہ اور کھال اجرت کے طور پر دینا درست ہے؟
(1) جی ہاں (2) جی نہیں (3) واجب ہے (کوئی نہیں)

امام اعظم کے نزدیک ھدی کے جانور میں عیب کی مقدار کتنی ہیں؟
(1) تہائی حصہ سے زائد (2) نصف (3) نصف سے زائد (4) ایک تہائی

(51) کسی محرم نے حدودِ حرم سے باہر حلق کرایا تو کیا حکم ہے۔

(1) دم (2) صدقہ فطر

(3) دو صدقے (4) دو دم۔

(52) وہ کون سی جگہ تھی جہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کے اصحاب کو محصور رکھا گیا۔

(1) ذوالحلیفہ (2) حدیبیہ

(3) مدینہ طیبہ (4) غار حرا۔

(40) کسی نے طواف صدر کیا پاکی ہونے کی حالت میں ایام تشریق کے آخر میں اور طواف رکن حدث کی حالت میں کیا تو حکم ہے۔

(41) طواف رکن جنبی حالت میں کیا اور ~~تو کیا حکم ہے~~ طواف صدر پاکی کی حالت میں ایام تشریق کے آخر میں کیا۔ تو کیا حکم ہے۔

(1) دو دم دے (2) چار صدقے (3) بدنہ (4) صدقہ فطر

(42) کسی نے عمرے کا طواف کیا بے وضو ہونے کی حالت میں تو کیا حکم ہے

(1) دم دے (2) بدنہ دے (3) صدقہ دے (4) کوئی حرج نہیں

کس امام کا قول مراد ہے؟
(i) امام شافعی (ii) امام زفر (iii) صاحبین (iv) شیخین

19) احرام کے لیے غسل کرنا ____ ہے۔
(i) فرض (ii) واجب (iii) سنت (iv) مستحب

20) احرام کے لیے نئی چادریں پہننا ____ ہے۔
(i) فرض (ii) واجب (iii) سنت (iv) افضل

21) احرام کی حالت میں کن آئمہ کے نزدیک خوشبو لگانا مکروہ ہے؟
(i) امام اعظم و زفر (ii) امام شافعی و زفر (iii) امام محمد و زفر
(iv) امام ابو یوسف و زفر۔

22) احرام پہننے کے بعد دو رکعت نفل پڑھنے میں کون کونسی سورتیں پڑھنا افضل ہے؟
(i) سورۃ کوثر و اخلاص (ii) سورۃ کافرون و اخلاص
(iii) سورۃ کافرون و فلق (iv) سورۃ فلق و الناس۔

23) تلبیہ میں کس امام کے نزدیک زیادتی جائز نہیں؟
(i) امام مالک (ii) امام اعظم (iii) امام احمد (iv) امام شافعی

24) الرفث سے کیا مراد ہے؟
(i) گناہ (ii) جماع (iii) سلے ہوئے کپڑے پہننا (iv) فحش کلامی

25) احرام کی حالت میں گناہ کرنا اللہ تعالیٰ کے نزدیک

ایک ہی مجلس میں یا ایک ہاتھ کے ناخن کاٹے یا ایک پاؤں کے تو کیا حکم ہے۔

(1) دم دے گا (2) کوئی شی نہیں

(3) دو بدنے دے گا (4) دو دم دے گا۔

(7) کسی محرم شخص نے اپنے ناخن تراشے اور پانچ سے کم تھے تو کیا حکم ہے۔

(1) صدقہ (2) دم (3) بدنہ

(4) کوئی چیز لازم نہیں۔

(8) کسی محرم شخص نے ٹوٹا ہوا ناخن کاٹا تو کیا حکم ہے۔

(1) کوئی چیز نہیں (2) دو دم دے (3) چار دم

(4) ایک دم۔

(11) اگر کوئی اپنے سر کو خطمی سے دھوئے یا خوشبو سونگھے تو صدقہ واجب ہوگا کس کے نزدیک

(1) شیخین (2) صاحبین (3) طرفین (4) امام زفر

(12) اگر کوئی شخص ناخن تراشتا ہے ایک تو کیا حکم ہوگا۔

(1) دو صاع (2) دو نذرے (3) نصف صاع

(4) آٹھ دو صاع۔

(13) تین ناخن کاٹنے پر کس کے نزدیک دم لازم ہے۔

(1) امام شافعی (2) امام مالک (3) امام زفر

(4) امام احمد بن حنبل

(29) کسی شخص نے عمرہ فاسد کر دیا جماع کرکے اکثر طواف سے پہلے تو وہ کیا کرے۔

① عمرہ جاری رکھے آئندہ قضا کرے ② دو بدنے دے

③ یہ عمرہ کافی ہے ④ اس کے بدلے دو حج کرے۔

(30) کسی شخص نے اکثر طواف عمرہ کر دیا تھا پھر وہ جماع میں مبتلا ہوا تو کیا حکم ہے۔

(1) عمرہ ہو گیا دم دے۔ ② عمرہ فاسد ہو گیا دم دے

③ دوبارہ عمرہ کرے بدنہ دے ④ کوئی چیز نہیں۔

(31) امام شافعی کے نزدیک اس جماع کرنے والے شخص کا عمرہ ادا ہو گا یا نہیں جس نے اکثر طواف کے بعد جماع کیا۔

(1) عمرہ فاسد ② بدنہ دے اور صدقہ دے

دو صدقے دے ④ کوئی چیز نہیں۔

10) ذوالحلیفہ کونسے مقام والوں کے لیے ہے؟
(i) اھل شام (ii) نجد (iii) عراق (iv) مدینہ

11) ذات عرق کونسے مقام والوں کے لیے ہے؟
(i) نجد (ii) عراق (iii) شام (iv) مدینہ

12) جحفۃ کونسے مقام والوں کے لیے ہے؟
(i) مکہ (ii) شام (iii) بغداد (iv) نجد

13) قرن کونسے مقام والوں کے لیے ہے؟
(i) مدینہ (ii) مکہ (iii) نجد (iv) عراق

14) یلملم کونسے مقام والوں کے لیے ہے؟
(i) مکہ (ii) شام (iii) یمن (iv) بغداد

15) احرام کو مواقیت پر مقدم کرنا کس مذہب کے نزدیک صحیح ہے؟
(i) شوافع (ii) احناف (iii) مالکی (iv) حنبلی

16) حِل کس مقام کو کہتے ہیں؟
(i) مسجد خضراء (ii) مسجد عائشہ (iii) مسجد اقصیٰ (iv) صفا ومروہ

17) اھل مکہ کے لیے کونسی جگہ میقات ہے؟
(i) مقام ابراھیم (ii) صفا ومروہ (iii) حرم (iv) طیبہ

18) وَإِذَا أَرَدْتَ أَنْ تُحْرِمَ فَتَوَضَّأْ اس میں قَبِلَ سے

23) ہدی کو ہانکنے کے ارادے سے کیا محرم ہو جائے گا۔
(i) جی ہاں (ii) جی نہیں (iii) الگ سے احرام باندھنا ہوگا

24) مکہ والوں کے لیے کون کونسا حج ہے؟
(i) حج قرآن (ii) حج تمتع (iii) حج افراد (iv) کوئی نہیں۔

25) اگر متمتع لوٹ جائے عمرے کے بعد اپنے شہر کو اور ہدی بھی نہ ہانکی ہو تو کیا حکم ہے؟
(i) تمتع دوبارہ مکمل کرے (ii) تمتع باطل (iii) شہر جانے کی وجہ سے دم
(iv) کوئی نہیں۔

26) اگر عورت کو طواف کے درمیان حیض آجائے تو کیا حکم ہوگا؟
(i) طواف ہو جائے گا (ii) واپس لوٹ جائے عورت
(iii) دم لازم ہوگا۔

(9) محرم یہ تینوں کام (بکری ذبح کرے) (تین صاع ساٹھ مسکینوں پر صدقہ کرے) (تین دن کے روزے رکھے) کب کر سکتا ہے۔ ان میں سے کوئی بھی۔ ایک کر دے۔

(d)

(1) حلق عذر سے کیا ہو۔ (2) احرام میں شکار کیا ہو (3) حج توڑ دیا تب (4) حج عمرہ توڑا تب

(10) امام اعظم رحمۃ اللہ کے نزدیک اگر کوئی اپنے سر کو خطمی سے دھوئے یا خوشبو کو چکھے ذائقہ ہو رہے میں تو کیا واجب ہے۔

(1) صدقہ (2) دم واجب (3) بدنہ واجب (4) کوئی چیز نہیں۔

15- امام شافعی علیہ الرحمہ نے اپنی قدیم قول میں عمرہ کا حکم بیان فرمایا۔

(a) فرض (b) واجب (c) تطوع (d) لازم

16- حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت کے مطابق دنوں میں عمرہ کرنا مکروہ ہے۔

(a) 7 (b) 4 (c) 3 (d) 5

17- صاحب کنز الدقائق نے عمرہ کا حکم بیان کیا ہے۔

(a) سنت مؤکدہ (b) سنت غیر مؤکدہ (c) مستحب (d) فرض کفایہ

18- جس کا حج فوت ہو جائے امام اعظم کے نزدیک وہ کیسے حلال ہوگا۔

(a) عمرہ و دم کے ساتھ (b) قضاء حج کے ساتھ (c) عمرہ کے ساتھ (c) دم کے ساتھ۔

19- اگر عمرہ فوت ہو جائے تو کیا کرے گا۔

(a) دم ادا کرے (b) قضاء کرے (c) صدقہ دے (d) کوئی آپشن نہیں

20- سعی عمرے کا رکن ہے۔

(a) صحیح (b) غلط (c) اختلاف (d) کوئی آپشن نہیں

21- عمرے میں احرام متحقق نہیں۔ یہ کس کا قول ہے۔

(a) امام اعظم (b) صاحبین (c) امام احمد (d) امام مالک

8۔ اگر احصار ہو جائے تو حلال ہونے کیلئے کیا لازم ہے۔

(a) ھدی ذبح کرنا (b) حلق کرنا (c) ✓ ھدی حرم میں بھیجنا (d) ھدی خریدنا

9۔ احصار ہو جائے تو کیا افضل ہے۔

(a) شاۃ (b) شرکت فی البدنۃ (c) ✓ بدنۃ (d) بقرۃ

10۔ محصر کی بھیجی گئی ھدی کو کس دن ذبح کرے گا؟

(a) یوم نحر (b) یوم العید (c) ✓ کسی بھی دن (d) کوئی آپشن نہیں۔

11۔ قارن محصر پر دو دم کس وجہ سے ہیں۔

(a) وقوف و احرام حج (b) ✓ احرام حج و عمرہ (c) احرام عمرہ و جنایت (d) احرام حج و تقصیر

12۔ محصر کی ھدی کے ذبح ہونے کے بعد حلق کرنا حسن کس کے نزدیک ہے۔

(a) ✓ طرفین (b) امام ابو یوسف (c) امام محمد (d) صاحبین

13۔ امام ابو یوسف کے موقف کے مطابق محصر اگر حلق نہ کرے تو ہے۔

(a) صدقہ لازم (b) حلال نہیں (c) ✓ کوئی چیز نہیں (d) آپشن نہیں۔

14۔ یجوز الذبح فی مکان الاحصار کے نزدیک ہے۔

(a) امام احمد و مالک (b) صاحبین (c) امام شافعی (d) ✓ آپشن a و c۔

MCQ

1. اگر کوئی بلا احرام مکہ میں داخل ہوا تو اس پر کتنی عبادت لازم ہے۔

ⓐ ایک ✓ ⓑ دو ⓒ تین ⓓ چار

2. الشافعی: لا احصار الا ______ ۔

ⓐ بعدو ✓ ⓑ بمرض ⓒ بعارض ⓓ کوئی آپشن نہیں

3. حصر ______ کے ساتھ ہوتا ہے۔

ⓐ مرض ⓑ مرض و عدو ⓒ عدو ✓ ⓓ کوئی آپشن نہیں

4. احصار ______ کے ساتھ ہوتا ہے

ⓐ عدو ⓑ مرض ⓒ مرض و عدو ✓ ⓓ کوئی آپشن نہیں

5. محصور ہے جیسے ______ ۔

ⓐ روک دیا گیا طواف سے ⓑ روکا نہ گیا ہو طواف و وقوف سے ⓒ روک دیا گیا ہو طواف و وقوف سے ✓

6. بلا احرام مکہ میں داخل ہونے کی بناء پر حج لازم ہوا اور وہ فرضی حج کی نیت کے ساتھ حج کرے تو کیا شرط ہے حج صحیح ہونے کی۔ ⓐ اسی سال حج کرے ✓ ⓑ حج قاصر کرے حج کرے

ⓒ کوئی آپشن نہیں

7. حصر ختم ہو گیا تو حج کا وقت باقی ہونے کی صورت حج پر جانا کیا ہے۔

ⓐ لازم ✓ ⓑ مسنون ⓒ مستحب ⓓ اختیاری

22- جس کو دلفہ سے دو کر دیا گیا ہو وہ محصر ہے۔

(a) تین (b) ایک (c) دو ✓ (d) چار

23- وقوف عرفہ کے بعد احصار درست نہیں ہے۔

(a) صحیح ✓ (b) غلط (c) اختلاف (d) کوئی بھی آپشن نہیں

24- فلو دخل الکوفی البستان لحاجة .... اب اس کے لیے کیا جائز ہے۔

(a) حرم میں احرام باندھ سکتا ہے (b) بلا احرام حج کر سکتا ہے (c) ✓ بلا احرام مکہ میں داخل ہو سکتا ہے

25- فائت کا احصار ہوا اور وہ حلال ہو گیا اور پھر قضاء کی حج کی اسی سال میں تو کیا لازم ہے

(a) حج و عمرہ (b) ✓ حج و عمرتان (c) عمرتان (d) حج فقط

26- من جاوز الميقات غير محرم ما يلزمه ؟

(a) ✓ دم (b) صدقہ (c) ہدی (d) کوئی آپشن نہیں ۔

27- جو میقات تجاوز کر جائے بغیر احرام کے وہ دم کو کس طرح باطل کریگا۔

(a) عاد ملبیا (b) ✓ عاد محرما ملبیا (c) عاد بغیر محرم (d) عاد الی المکان

28- من جاوز الميقات بغير احرام ولو عاد بعد الاستلام الحجر لا يسقط الدم... یہ کس کا قول ہے

(a) صاحبین (b) امام اعظم (c) ✓ اتفاق العلماء (d) امام شافعی

یہ MCQs کنز المدارس بورڈ کے ہونے والے امتحانات کی
معاونت کے لئے تیار کئے گئے ہیں طلبہ اسی پر اکتفا نہ کریں
خود بھی مکمل تیاری رکھیں۔
برائے ایصال ثواب کل مسلمین و مسلمات۔